مطبُوعَات

حقوق انسانی | مؤلفہ: محترمہ رقیہ علامہ خلیل عرب ۔ شائع کردہ میمن خواتین ایجوکیشنل سوسائٹی ۔ قیمت للعہ ۔

مؤلفہ دینی رجحانات رکھنے والے علمی حلقہ میں متعارف ہیں ۔ آپ نے دین وملت کی خدمت کے جذبے سے متعدد تالیفی کام کیے ہیں جن میں سے ایک یہ کتاب ہے ۔ اس کتاب کی بنیاد اس تصور پر ہے کہ دین اسلام سرتاپا نام ہی خدا اور خلق کے مختلف حقوق کی متوازن ترتیب کا ہے ۔ چنانچہ خدا اور رسول کے حقوق سے آغاز کرتے ہوئے انسانیت کے حقوق مختلف مناصب ومراتب کے لحاظ سے پیش کیے گئے ہیں ۔ والدین اور اولاد، علماء واساتذہ اور متعلمین، حکمراں اور رعایا، شوہر اور بیوی، مہمان اور میزبان، بلکہ مزدوروں اور سائلوں تک کے بارے میں فاضل مؤلفہ نے بتایا ہے کہ بروئے کتاب وسنت ان کے کیا حقوق ہیں ۔ سنت چونکہ مؤلفہ کا ایک دلپسند موضوع ہے اس لیے اس پر چھپن صفحات میں بہت اچھا موادِ مطالعہ جمع کر دیا ہے ۔ معیارِ طباعت بہت اچھا، سائز بڑا، یہ کتاب، رونق اسلام گرلز اسکول ۲۷ پرنس اسٹریٹ نانک واڑہ کراچی، رونق اسلام ہائی اسکول کھلادر نزد پنجابی کلب، کراچی، اور ریاض سنز ناشران وتاجران کتب بکل روڈ کراچی سے حاصل کی جا سکتی ہے ۔

ہمارا پاکستان | از جناب الطاف شوکت ۔ ناشر: قومی کتب خانہ لاہور ۔ قیمت مجلد مع گرد پوش دو روپے ۔

الطاف شوکت دینی وملی درد رکھنے والے ایک جواں ہمت سپاہی ہیں ۔ موصوف اسلام کی خاطر پاکستان سے محبت رکھتے ہیں اور آرزومند ہیں کہ یہ نوخیز سلطنت اسلامی اصولوں کو اختیار کر کے اخلاقی ومادی ہر دو لحاظ سے ترقی کرے ۔ انہی جذبات کے ساتھ آپ نے پاکستان کی زرعی ومعدنی دولت اور صنعتی وتجارتی حیثیت کا جائزہ لیا ہے، ساتھ کے ساتھ اسلام کے سیاسی ومعاشی نظام پر بھی مختصر طور پر اپنے خیالات پیش کیے ہیں ۔ آخری حصے میں مسلمانوں کو بیداری وحرکت اور جہاد واجتہاد کا درس دیا ہے ۔ ہماری رائے یہ ہے کہ یہ کتاب عام مطالعہ کی چیز بھی ہے اور درسی مقاصد کے لیے بھی مفید ہے ۔